© rasailojaraid.com



# اخبار الجامعہ

## ترتیب : نثار اللہ نثار

☆...... سانحہ ارتحال۔۵ مئی بروز بدھ ۲۰۱۰ء مطابق ۲۰ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱ھ کو عالمی تحفظ ختم نبوت کے امیر مرکزیہ، پیر کامل، شیخ المشائخ حضرت خواجہ خواجگان مولانا خان محمد صاحب نور اللہ مرقدہ پانچ بیٹوں ایک صاحبزادی اور لاکھوں محبین کو سوگوار چھوڑ کر ابدی مسکن کی طرف کوچ کر گئے۔

☆...... ۲۱ جمادی الاولیٰ ۱۴۳۱ھ ۶ مئی بروز جمعرات ۲۰۱۰ء کو حضرت مہتمم اور مدیر مسئول کی سرپرستی میں المرکز کے طلباء ومدرسین کے قافلہ نے حضرت قبلہ کی جنازہ میں شرکت کیں۔ حضرت مہتمم صاحب نے مرحوم ومغفور کی وفات عالم اسلامی کے لیے عظیم سانحہ قرار دیا۔ آپؒ کے پسماندگان میں پانچ صاحبزادے یعنی مولانا عزیز احمد، مولانا خلیل احمد مولانا رشید احمد، سعید احمد اور نجیب احمد اور ایک صاحبزادی سوگوار چھوڑی المرکز کے جملہ مدرسین وطلباء کرام پسماندگان کے ساتھ اس غم میں برابر کے شریک ہیں۔ دعا ہے کہ رب العزت پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرما کر حضرت قبلہؒ کے جملہ خدمات کو آگے بڑھانے کی توفیق عطا فرمائیں۔

☆...... المرکز علاقہ کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے کے لیے نہ صرف دینی تعلیم کا انتظام وانصرام کر رہا ہے بلکہ بچوں کو عصری تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے کے لیے المرکز پبلک ہائی سکول کے نام سے باقاعدہ ایک ادارہ کام کر رہا ہے۔ حالاً داخلے محدود وقت تک جاری ہیں۔

☆...... دار المحبہ للایتام میں سال 2010-2011 کے لیے نئے ایتام 80 عدد کی داخلہ کاروائی مکمل کر کے سکول اور دار المحبۃ للایتام میں باقاعدہ طور پر داخل کر دیئے گیے۔

☆...... سال 2010-2011 کے لیے فنی کورسز جس میں ''ٹیلرنگ، کمپیوٹر، الیکٹریشن، جلد سازی اور خطاطی'' شامل ہے اور اس کے اجراء کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ 10 ر جولائی 2010ء سے ان تمام فنی کورسز کا آغاز ہوگا۔

☆...... نئے داخل شدہ اور پرانے ایتام سے اسباق کی تھکاوٹ دور کرنے کے لیے ٹور کی منظوری دی گئی۔ اور باقاعدہ چار گاڑیوں پر مشتمل مطالعاتی ٹور کیا گیا۔

☆...... جنوبی اضلاع میں ایتام کی تعداد روز بروز بڑھتی جارہی ہیں۔ اور یہاں یتیم خانے نہ ہونے کی برابر ہیں۔ لہٰذا اہل خیرت حضرات سے اپیل کی جاتی ہیں۔ کہ وہ ایتام کی کفالت کرنے میں ہمارے ساتھ تعاون کریں۔

......☆☆☆☆☆......

© rasailojaraid.com